بسم اللہ الرحمن الرحیم

# سعی کے بعد کے نوافل کا حکم

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

سعی کے بعد دو نفل پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

## جواب

مکروہ وقت نہ ہو تو سعی کے بعد دو رکعت نماز مسجد میں جا کر پڑھنا مستحب و بہتر ہے۔ تنویر الابصار و درمختار میں ہے "ندب ختمه برکعتین فی المسجد" ترجمہ: سعی کا اختتام مسجد میں دو رکعتوں سے کرنا مستحب ہے۔ (تنویر الابصار و درمختار مع ردالمحتار، ج3، ص 589، مطبوعہ: کوئٹہ)

بہار شریعت میں ہے "مکروہ وقت نہ ہو تو سعی کے بعد دو رکعت نماز مسجد شریف میں جا کر پڑھنا بہتر ہے۔" (بہار شریعت، جلد1، حصہ6، صفحہ1110، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا سرفراز عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-5224

تاریخ اجراء: 27 محرم الحرام 1448ھ/13 جولائی 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com daruliftaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net